نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کیڑوں کو کنٹرول کرنے والی زرعی زہر کا سبزیوں پر استعمال کا انکشاف،محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ نے کارروائی کرتے ہوئے 10لاکھ 60ہزار روپے مالیت کی زرعی زہر (پروون) قبضہ میں لے لی

لاہور 31اگست 2022( ) دھان کی فصل کے ضرررساں کیڑوں کو کنٹرول کرنے والی زرعی زہر کا سبزیوں پر استعمال کرنے کا انکشاف۔محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ نے ڈپٹی ڈائریکٹر ذوالفقار علی کی زیرنگرانی انڈسٹریل اسٹیٹ ملتان میں ہیکسٹار کیمیکلز انٹر پرائزز کے سٹور پر چھاپہ مار کر لاکھوں روپے مالیت کی زرعی زہر پکڑ لی۔قبضہ میں لی گئی زرعی زہر کی مالیت 10لاکھ 60ہزار روپے بنتی ہے۔رجسٹریشن سرٹیفکیٹ نمبر (4904)DPP/2012/(Generic) کے مطابق زرعی زہر پروون 5%SC دھان کی فصل کے ضرررساں کیڑوں (سٹم بورر، پلانٹ ہاپر، لیف فولڈر) کو کنٹرول کرنے کیلئے سفارش کی گئی ہے جبکہ مطابق لیبل مذکورہ زہر دھان کی فصل کے ساتھ ساتھ سبزیات (پھول گوبھی، بند گوبھی) کے ضرررساں کیڑوں ڈائمنڈ بیک ماتھ (چمکیلا پروانہ) کو بھی کنٹرول کرنے کیلئے سفارش کی گئی ہے جو کہ دھوکہ دہی ہے اور رجسٹریشن کے غیر قانونی استعمال کے زمرے میں آتی ہے۔فیڈرل پلانٹ پروٹیکشن کے مطابق مذکورہ زہر پر اضافی معلومات خودساختہ طور پر درج کی گئی ہیں جو کہ غیر قانونی عمل ہے۔لیبل پر خودساختہ معلومات درج کرنے اور رجسٹریشن کے غیر قانونی استعمال پر ملزم فرخ سعید درانی چیف ایگزیکٹیو ہیکسٹار کیمیکلز انٹر پرائزز کیخلاف زیر دفعہ 23(a)،21-A آف ایگریکلچرل پیسٹی سائیڈز آرڈیننس کے تحت تھانہ مظفر آباد میں پیسٹی سائیڈ انسپکٹر ولی محمد کی مدعیت میں ایف آئی آر کے اندراج کیلئے استغاثہ جمع کرا دیا گیا ہے۔پکڑی جانیوالی جعلی زرعی زہر بطور مال مقدمہ قبضہ میں لیکر حوالہ پولیس کر دی گئیں۔موقع پر زرعی زہر کے نمونہ جات حاصل کر کے تجزیہ کیلئے لیبارٹری بھجوا دیئے گئے۔

0-0-0-0-0